اخلاقیات

کسی کو کوئی چیز دینی ہو تو بائیں ہاتھ سے مت دو اور لینی ہو تو بائیں ہاتھ سے نہ لو۔

جب تک اپنی محرم نہ ہو، مرد عورت سے چار آنکھ کرکے بات چیت نہیں کرتے، پرائی عورت سے بات کرنے کی ضرورت پڑ جائے تو نیچے . . . . کی طرف دیکھنا چاہیئے نہ کہ عورت کی طرف۔ غیر عورت کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھنا یا ان کو گھورنا یا ان کے جسم کو چھونا بڑی بد تہذیبی ہے۔

عورتوں یا بچوں پر کہیں حملہ ہو یا وہ کسی طرح کی مصیبت میں گرفتار ہو جائیں تو تمہارا فرض ہے کہ انکی حفاظت کرو۔

کسی کے گھر میں جدھر عورتیں رہتی ہوں (زنانہ) میں نہ جانا چاہیئے۔ اپنے گھر میں بھی عورتوں کو کسی طرح اطلاع دے کر جانا چاہیئے۔

جس جگہ پر عورتیں نہاتی ہوں یا جس راستہ پر صرف عورتیں ہی جاتی ہوں تم کو اس طرف رُخ نہ کرنا چاہیئے۔

جس کمرے میں کوئی عورت اکیلی ہو، یا کپڑا پہنتی ہو، سو رہی ہو، اس کمرے کے اندر نہیں جانا چاہیے۔

بچوں کو زیور نہیں پہنانا چاہیئے۔

چھوٹے بچوں کو پیسہ نہیں دینا چاہیئے۔ ان کو پیسہ مانگنے کی عادت نہیں ڈالنی چاہیئے۔

اگر تم کسی شخص سے بات چیت کر رہے ہو اور اس وقت کوئی چھوٹا بچہ کچھ کہنا چاہتا ہے تو پہلے اس کی بات سُن لو۔

گاڑی، ناؤ اور کسی سواری میں بچوں کو پہلے چڑھنے دو۔ تب آپ بیٹھو۔

بچوں، عورتوں اور نوکروں کو کبھی مت مارو۔ ان کی کمزوری سب کے سامنے مت بتلاؤ۔

بچوں کو پہلے کھانا دو۔ سب سے چھوٹے بچے سے پہلے شروع کرو۔

کسی دوست یا رشتہ دار کے گھر جاؤ تو بچوں کو اپنے پیار کا ثبوت دو۔

کسی خاص موقعہ پر کسی کو مدعو کرو تو ان کے بچّوں کو بُلانا مت بھول جاؤ اور جو نوکر ساتھ آئے اس کو ضرور کچھ کھلا دو۔

نوکر کو بھی کھانے اور آرام کرنے کیلئے ضرور وقت دو۔

نوکر، حجام، دھوبی وغیرہ سے فضول باتیں مت کرو، ان سے دوسرے گھروں کی باتیں مت پوچھو اور اگر وہ ایسی باتیں کریں تو مت سنو۔

(باقی صفحہ ۱۲ پر ملاحظہ ہو)